F.Y.
March 2018

Reg. No. ....................................

Name ........................................

107

## Part - II
## URDU

Maximum : 80 Scores

Time : 2½ Hours
Cool off time : 15 Minutes

***General Instructions to Candidates :***

- There is a 'Cool off time' of 15 minutes in addition to the writing time.
- Use the 'Cool off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read the instructions carefully.
- Read the questions carefully before answering.
- Calculations, figures and graphs should be shown in the answer sheet itself.
- Give equations wherever necessary.
- Electronic devices except nonprogrammable calculators are not allowed in the Examination Hall

☆ 1 سے 5 تک کے تمام سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے۔ **5 × 1 = 5**

.1 پسندیدہ کسی ایک اُردو خطوط نگار ادیب کا نام لکھیے۔

.2 ساحرؔ لدھیانوی کی کسی ایک نظم کا نام لکھیے۔

.3 پسندیدہ کسی ایک اُردو افسانہ نگار کا نام لکھیے۔

.4 آسکر انعام (Oscar award) یافتہ ایک اُردو شاعر کا نام لکھیے۔

.5 رباعی کا دوسرا نام کیا ہے؟

☆ 6 سے 11 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھیے۔ 10 = 2 × 5

6. آپ کے پسندیدہ کسی دو اُردو نظم گو شاعروں کے نام لکھیے۔

7. ذیل کے جملوں میں سے صفت چن کر لکھیے۔
بابو ایک اچھا لڑکا ہے۔ اس نے اپنے گھر کے سامنے ایک خوب صورت باغ بنوایا۔

8. عشق، جدائی، غم کے موضوع پر بہت سے اشعار لکھے گئے ہیں۔ اس طرح کا کوئی ایک شعر لکھیے۔

9. آپ کے پسندیدہ کسی دو غزل گلوکاروں کے نام لکھیے۔

10. نیچے چند الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان میں سے مذکر اور مؤنث کو الگ الگ خانوں میں لکھیے۔

| | |
|---|---|
| کتاب | دروازہ |
| اُردو | شیر |

11. اُردو اصنافِ سخن میں رباعی ایک اہم صنف ہے۔ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

☆ 12 سے 14 تک کے سوالوں کے جواب کم سے کم 4 جملوں میں لکھیے۔ 12 = 4 × 3

12. بدلتے ہوئے موسموں کی یہ دنیا
کبھی گرم ہوگی
کبھی سرد ہوگی
اِن مصرعوں کے ذریعہ شاعر کیا کہنا چاہتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

13. ''میرا تیسرا نظریہ ہے، ہندوستان کو دنیا کے برابر کھڑا ہونا۔'' اے۔ پی۔ جے۔ عبد الکلام کے اس قول پر آپ کے خیالات پیش کیجیے۔

14. اُردو میں بہت سے شاعروں نے رباعیاں لکھی ہیں۔ آپ کے پسندیدہ کسی ایک رباعی گو شاعر پر مختصر نوٹ لکھیے۔

☆ **15 سے 18 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم 5 جملوں میں لکھیے۔**
**3 × 5 = 15**

15. کالی کٹ ٹاؤن ہال میں 2 / اکتوبر 2018 کو 'گاندھی جینتی' کا جشن منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیرِ تعلیم اس کا افتتاح کرنے والے ہیں۔ اس کے لیے ایک نوٹیس تیار کیجیے۔

16. سعادت حسن منٹو اُردو کا مشہور افسانہ نگار ہے۔ آپ کے پسندیدہ کسی ایک افسانہ نگار کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

17. ذیل کے شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

قطع کیجیے نہ تعلق ہم سے
کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

18. کنجونّی ماش نے اپنی آپ بیتی میں کیرالا کے بارے میں چند نظریے بیان کیے ہیں۔ آپ بھی اپنی ریاست کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

☆ **19 سے 23 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب کم سے کم 6 جملوں میں لکھیے۔**
**4 × 6 = 24**

19. شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی و رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی
موجودہ حالات کے پیشِ نظر اس شعر کی وضاحت کیجیے۔

20. ذیل کے شعر کے ذریعہ ساحرؔ لدھیانوی کیا کہنا چاہتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

لیکن ان کے لیے تشہیر کا سامان نہیں
کیوں کہ وہ لوگ بھی اپنی ہی طرح مفلس تھے

21. ہندوستان کی جنگِ آزادی کے لیے بہت سے لوگوں نے اپنی زندگی وقف کردی ہے۔ ایسی کسی دو شخصیتوں کے نام لکھیے۔ کسی ایک پسندیدہ شخصیت پر اپنے خیالات لکھیے۔

22. ذیل کی رباعی کا مفہوم اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

تو ہاتھ کو جب ہاتھ میں لے لیتی ہے
دُکھ درد زمانے کے مٹا دیتی ہے
سنسار کے تپتے ہوئے ویرانے میں
سکھ شانت کی گویا تو ہری کھیتی ہے

23. ذیل میں سے کسی ایک شاعر پر مختصر نوٹ لکھیے۔

نظیرؔ اکبرآبادی          ساحرؔ لدھیانوی          ندؔا فاضلی

☆ **24 سے 26 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم 7 جملوں میں لکھیے۔**
**2 × 7 = 14**

24. ’غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے۔‘ غزل کے بارے میں آپ اور کیا کیا جانتے ہیں؟ ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

25. ’ہندوستانی فلم پر اُردو کا بہت بڑا اثر ہے۔‘ آپ کے خیالات چند جملوں میں لکھیے۔

26. فرض کیجیے کہ آپ کے اسکول میں اے۔ پی۔ جے عبدالکلام کی خدمات پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔ اس کے لیے ایک مقالہ تیار کیجیے۔

---